مولانا سید نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ کی علمی خدمات

عبدالرشید عراقی

محی السنۃ امیر الملک مولانا سید نواب صدیق حسن خاں کی علمی خدمات برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ آپ ایک بلند پایہ مفسر، محدث اور مؤرخ تھے۔ اور آپ کا شمار ان مصنفین میں ہوتا ہے جن کی تصانیف سینکڑوں سے متجاوز ہیں۔

اس مقالہ میں آپ کی ان تصانیف کا مختصر تعارف پیش خدمت ہے جو آپ نے علم تفسیر سیرت نبوی ﷺ، تاریخ اور سوانح پر تصنیف کیں۔

علوم القرآن:

تفسیر قرآن اور علوم القرآن پر حضرت والاجاہ کی 13 تصانیف ہیں۔

عربی میں ۷، فارسی میں ۳، اردو میں ۳ کل تعداد ۱۳۔

(۱) رفع الالتباس عن اثر ابن عباس (عربی)

اس رسالہ میں آیت "واللہ الذی خلق سبع سماوات ومن الارض مثلھن" کے تحت ابن عباس کی تفسیر کل ارض آدم کآدمکم ..الخ پر تبصرہ کرتے ہوئے ......صحیح ثابت کیا ہے۔

(۲) منتھی المنان فی بیان نسخ السنۃ بالقرآن (عربی)

یہ رسالہ اس سوال کے جواب میں ہے کہ قرآنی آیات احادیث رسول سے منسوخ ہوسکتی ہیں کہ نہیں۔ جواب اثبات میں ہے

(۳) نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام (عربی)

اس کتاب میں قران مجید کی ۲۳۶ آیات احکام کی تفسیر اور فقہی انداز میں آیات کا استخراج کیا گیا ہے۔

(۴) فتح البیان فی مقاصد القرآن (عربی)

یہ کتاب قرآن مجید کی مکمل تفسیر ہے۔ اور اسی تفسیر میں قران مجید کی لغوی تشریح نحوی وصرفی تحقیق اعجاز اور فصاحت و بلاغت کے ہر پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے۔

(۵) تشید الکوخ بیان تکرار الناسخ والمنسوخ (عربی)

اس رسالہ میں ۵ منسوخ آیات قرآن اور ۲۰ منسوخ احادیث کا ذکر ہے۔

(۶) قضیۃ الازل ھرپارۃ العر وتاخیر الاجل (عربی)

یہ رسالہ اس سوال کے جواب میں ہے کہ قرآنی آیات انسان کے غم کے سلسلہ میں باہم متعارض ہیں جواب میں تمام آیات کو اکٹھا کرکے ان کے درمیان تطبیق کی گئی ہے۔

(۷) ایقاظ الوفان باجتماع الشرک مع الایمان (عربی)

اس رسالہ میں آیت قرانی ومایومن اکثر ھم باللہ الا وھم مشرکون کی توضیح و تشریح کی ہے۔

اور اس مسئلہ کو واضح کیا ہے کہ کیا شرک و ایمان کا اجتماع ممکن ہے۔

(۸) ثمرۃ البستان لبیان مایعتمد علیہ فی تفسیر الفرقان (فارسی)

یہ رسالہ اس سوال کے جواب میں ہے کہ کلام اللہ کی تفسیر میں قابل اعتماد تفسیر کون سی ہے۔

(۹) الاکسیر فی اصول التفسیر (فارسی)

اس کتاب میں پہلے تفسیر کے لغوی و شرعی معنی کی تحقیق اور بعد میں علم تفسیر کے اصول اور آخر میں 1300 تفاسیر کا ذکر مع ان کے مؤلفین کے کیا ہے۔

(۱۰) افادۃ الشیوخ بقدار الناسخ والمنسوخ (فارسی)

اس کتاب میں پہلے نسخ کے معنی واحکام بیان کئے ہیں اور بعض آیات قرآنی کے نسخ سے متعلق علمائے کرام کے اختلاف کا ذکر کیا ہے اور آخر میں جو احادیث منسوخ ہیں ان کا ذکر کیا ہے اور ۲۴ منسوخ احادیث بتائیں ہیں۔

(۱۱) ترجمان القرآن بلطائف البیان (اردو)

یہ قران مجید کی مکمل تفسیر ہے اور ۱۵ جلدوں میں ہے اس تفسیر میں آیات کا ترجمہ اور فوائد موضح القرآن از شاہ عبدالقادر دہلویؒ سے ماخوذ ہے اور بقیہ مطالب تفسیر ابن کثیر، تفسیر فتح القدیر اور تفسیر فتح البیان سے لئے گئے ہیں اس کے علاوہ احادیث رسول، اقوال صحابہ وتابعین اور لغات عرب سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

اس تفسیر کی ۷ جلدیں نواب صاحب نے لکھیں اور ۸ جلدیں آپ کے شاگرد مولانا ذوالفقار احمد نقوی نے لکھیں۔

(۱۲) تذکر الکل تفسیر الفاتحہ واربع قل (اردو)